جلد ۴۱ — نمبر

RAMPUR STATE GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم

مطبوعہ ... دوشنبہ تاریخ ۶ ربیع الاول ۱۳۴۸ھ مطابق ۱۲ اگست ۱۹۲۹ء

فہرست مضامین

نمبر شمار	مضمون	صفحہ
۱	... اسکول۔	۱
۲	... اسکول۔	۲
۳	... جوڈیشل سکریٹری بہادر۔	۲و۳
۴		۳
۵	... اجلاس	ضمیمہ

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم منظوری تعطیلات

۱۹ ربیع الاول ۱۹۲۹ء

بموجب صراحت رپورٹ ہائی اسکول میں جنم اشٹمی، سوریہ گرہن، نوروز شمسی کی تعطیلیں بحال منظور ہیں۔ کاغذات بغرض اجراء احکام واپس ہوں۔

بدستخط صاحب سکریٹری بہادر

اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بغرض

مہر ساند

جناب عالی

ہائی اسکول کے لیے جو تعطیلات منظور فرمائی گئی ہیں ان میں تعطیل جنم اشٹمی اور سوریہ گرہن اور تعطیل نوروز شمسی نہیں ہیں۔ ایجوکیشنل کوڈ کے موافق ایام تعلیم ۲۰۰ ہونا چاہئیں۔ سال تعلیمی جو ختم ہو چکا اس میں ۲۲۳ یوم اسکول میں تعلیم ہوئی۔ اس اعتبار سے تین تعطیلات مذکورہ سے تعلیم میں کوئی حرج نہ ہوگا۔ لہذا عرضداشت باُمید صدور حکم منظوری ارسال اجلاس ہمایون ہے۔

زیر فرمان دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

مورخہ ۱۹ جولائی ۱۹۲۹ء

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حسب صراحت حکم اجلاس ہمایون احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ۳ اگست ۱۹۲۹ء

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

منظوری اسامی جدید

۳۱ جولائی سنہ ۱۹۲۹ء

دربارہ منظوری ایک اسامی جدید کلرک مشاہرہ بیس روپیہ ماہانہ برائے ہائی اسکول و تقرر اسامی مذکورہ پر قاضی محمد علی انٹرنس پاس کا مشاہرہ بیس روپیہ۔

حکم

بموجب صراحت رپورٹ۔ ہائی اسکول میں ایک اسامی جدید کلرک بیس روپیہ ماہانہ تنخواہ کی منظور کیجاتی ہے۔ اور اس اسامی پر قاضی محمد علی انٹرنس پاس کا تقرر بمشاہرہ بیس روپیہ ماہوار منظور ہے۔ کاغذات بغرض اجرائے احکام واپس ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

۳ اگست سنہ ۱۹۲۹ء

حسب صراحت حکم اجلاس ہمایوں احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

الاؤنس

۲۹ جولائی سنہ ۱۹۲۹ء

مثل تحریر چیف میڈیکل افسر صاحب دربارہ عطائے الاؤنس تعدادی پانچ روپیہ ماہوار از جون سنہ ۱۹۲۹ء بہ علی احمد کمپاؤنڈر متعینہ شفاخانہ ٹانڈہ بابتہ انچارج کام ڈاکٹر کاظم علی سب اسسٹنٹ سرجن متعینہ شفاخانہ ٹانڈہ جنہوں نے مزید رخصت دو ماہ حاصل کی ہے۔

حکم

چونکہ علی احمد کمپاؤنڈر ڈاکٹر کاظم علی کی جگہ شفاخانہ ٹانڈہ کا انچارج ہے۔ زمانہ انچارج کا پانچ روپیہ ماہوار الاؤنس علی احمد کا مقرر ہوا ہے۔ یکم جون سنہ ۱۹۲۹ء سے انکو الاؤنس نہیں ملا ہے۔ لہذا یکم جون سنہ ۱۹۲۹ء سے جس وقت تک علی احمد ڈاکٹر کاظم علی کا قائم مقام ہے انکو صہ ماہوار الاؤنس دیا جائے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

برخاستگی

۲۹ جولائی سنہ ۱۹۲۹ء

مدرسہ تحصیلی شاہ آباد میں باشندگان کی درخواست پر انگریزی کی تعلیم کے لئے انگلش ٹیچر کا تقرر ہوا تھا۔ باشندگان نے اقرار نامہ بھی تحریر کر دیا تھا۔ لیکن انگریزی خوان طلبا کی تعداد کم ہوگئی۔ اور اب کوئی طالب علم انگریزی پڑھنا نہیں چاہتا۔ در صورت تحصیلدار صاحب شاہ آباد باشندگان کو تاکید بھی کی گئی لیکن اسکا نتیجہ نہیں نکلا۔ لہذا مدرسہ شاہ آباد میں تعلیم انگریزی کا سلسلہ مسدود کیا گیا۔ اور ممتاز حسین انگلش ٹیچر مدرسہ شاہ آباد کو تخفیفاً برخاست کیا گیا۔ اگر مدرس مذکور کسی اور [illegible] مدرسہ میں تقرر کی درخواست کریگا تو جگہ دیجائیگی۔ لہذا

حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط [illegible] جوڈیشل سکریٹری بہادر

شمول الاؤنس تنخواہ

۲۹ جولائی سنہ ۱۹۲۹ء

نسیم احمد مدرس اول مدرسہ گمیر قلندر خان کو بابت صہ روپیہ تنخواہ اور [illegible] روپیہ ماہوار الاؤنس مل رہا ہے۔ یکم اگست سنہ ۱۹۲۹ء سے الاؤنس شامل تنخواہ کیا گیا۔ [illegible] مستقل صہ ماہوار پائیگا۔ لہذا

حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب [illegible] جوڈیشل سکریٹری بہادر

تقرر

۲۹ جولائی سنہ ۱۹۲۹ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس عبد الہادی چہارم پاس [illegible] رامپور کا تقرر بمشاہرہ ۵ عہ اسسٹنٹ برائے چھ ماہ بمدرسہ گمیر تحصیل بلاسپور کیا گیا۔ [illegible] لہذا

حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

اجازت جرمانہ

یکم اگست سنہ ۱۹۲۹ء

مثل تحریر چیف میڈیکل افسر صاحب دربارہ منظوری [illegible] کرنے جرمانہ تین روپیہ بر عبد العلی خان ویکسینیٹر تنخواہ دار عہ ماہوار باین شرط کہ ۸ ماہوار اسکی تنخواہ سے وضع ہوکر داخل بخشی گری ہوتے رہیں بوجہ غفلت کام۔

حکم

حسب صراحت رپورٹ چیف میڈیکل افسر صاحب عبد العلی خان ویکسینیٹر پر تین روپیہ جرمانہ کی منظوری دیجاتی ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تقرر

۱۲ اگست سنہ ۱۹۲۹ء

مرزا بابر بیگ اردو مڈل۔ ہندی مڈل۔ ٹریننگ۔ امتحان اعلیٰ قابلیت اردو۔ منشی۔

وظیفی سکول پاس اور انٹرنیس فیل کا تقرر مذکور مین بجائے سالک حسین ۱۷ر جولائی سنہ ۱۹۲۹ء سے کیا گیا۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط فارسی صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۳ر اگست سنہ ۱۹۲۹ء

خورشید علی مدرس اول مدرسہ بلاسپور کی رخصت مزید ایک ماہ یکم اگست سنہ ۱۹۲۹ء سے بوضع تنخواہ منظور ہے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط فارسی صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تقرر

۳ر اگست سنہ ۱۹۲۹ء

مدرسہ بھوٹ بقال پرگنہ سوار مین سے محمد خان چارم پاس کا تقرر بشاہرہ لعہ امتحاناً برائے تین ماہ بجائے حسن امیر نائب مدرس بھوٹ بقال کیا گیا۔ لہذا

حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

وظیفہ تقرر

۳ر اگست سنہ ۱۹۲۹ء

عبدالوحید خان ولد عبدالجبار خان طالب علم ہائی اسکول جس نے امسال ہائی اسکول انٹرنس پاس کیا تھا اسکو سب اسسٹنٹ سرجنی کی تعلیم کے لئے بیس روپیہ ماہوار کا وظیفہ چار سال کے لئے مقرر کیا گیا تھا۔ نامبردہ نے داخلہ کالج کی کوئی اطلاع نہیں دی۔ وقت داخلہ کالج گذر گیا اُسکے سرپرست عبدالرشید خان سے دو مرتبہ دریافت کیا گیا اور اُنکی رپورٹ ہے کہ نامبردہ کو بلایا گیا وہ اپنی بہن کے یہان ضلع بریلی مین ہے مگر وہ نہیں آیا۔ نہ اُسکے داخلہ کا حال معلوم ہوا۔ لہذا عبدالوحید خان کا وظیفہ مسدود کیا گیا۔ اور مسمی گوپال سروپ ولد رام سروپ کلرک محکمہ عالیہ دارالانشا جس نے ہائی اسکول رامپور سے انٹرنیس پاس کیا ہے اور اب بی۔ ایس۔ سی تک تعلیم حاصل کی ہے۔ اور ایم۔ اے۔ ایل ٹی تک تعلیم حاصل کرنیکی غرض سے تین سال کے واسطے وظیفہ کی مسمی گوپال سروپ کی استدعا ہے۔ چونکہ یہ وظیفہ اب خالی ہے لہذا بیس روپیہ ماہوار تاریخ داخلہ کالج سے تین سال کے لئے برائے تعلیم ایم۔ اے۔ ایل ٹی مسمی گوپال سروپ مذکور کا وظیفہ مقرر کیا جاتا ہے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔ (ازمصدری)

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

مستقلی و اضافہ

۳ر اگست سنہ ۱۹۲۹ء

مثبتہ رپورٹ انچارج منصرم مطبع سرکار دولتمدار معروضہ ۳ر اگست سنہ ۱۹۲۹ء دربارہ مستقلی مسمی شریف اللہ خان خوشنویس ملازم غیر مستقل تنخواہ دار بارہ روپیہ ماہانہ از یکم اگست سنہ ۱۹۲۹ء با اضافہ دو روپیہ ماہانہ بوجہ خوش اطواری کام و محنت۔

حکم

شریف اللہ خان خوشنویس مطبع ۳ر اگست سنہ ۱۹۲۹ء سے اپنی ملازمت پر مستقل کیا جائے اور نامبردہ کی تنخواہ مین دو روپیہ ماہوار اضافہ کیا جائے۔ آئندہ وہ چودہ روپیہ ماہوار تنخواہ پائیگا۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

رخصت

یکم اگست سنہ ۱۹۲۹ء

مثبتہ رپورٹ صاحب سپرنٹنڈنٹ چنگی معروضہ میونسپل افسر صاحب دربارہ منظوری رخصت دو ماہ رام کرشن پال محرر چک چنگی از یکم اگست سنہ ۱۹۲۹ء

حکم

حسب سفارش سپرنٹنڈنٹ صاحب چنگی آج سے دو ماہ کی رخصت منظور ہے۔ بنابر اجراء احکام صدر کو مرسل ہو۔ ایام رخصت مین دس روپیہ لالہ دس موہن لال کو ملینگے۔ بقیہ تنخواہ رخصت خواہ لیگی۔

دستخط صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

سرکاری پریس ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا

نقشہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ہفتہ اول ماہ اگست سنہ ۱۹۲۹ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ٹمک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	[illegible]			۷؍ار		۷؍ار	
نخود خالص	۶؍ار			۶؍ار		۷؍ار	
نخود کسہ آمیز	۷؍ار			۶؍۱ار		۶؍۱ار	
کسہ	۷؍۱ار			۷؍ار		۰	
ماش	۵؍ار			۵؍ار		۵؍ار	
مونگ	۴؍ار ۳؍ار			۰		۴؍۱ار	
مکا	شرح بازار			۰		۰	
جئی	۹؍ار			۱۰؍ار		۱۱؍ار	
کوجئی	۰			۰		۸؍ار	
مسور	۶؍ار ۷؍ار			۶؍۱ار		۶؍ار	
ارہر	۶؍ار			۶؍۱ار		۶؍۱ار	
برنج	۳؍ار ۴؍ار			۳؍۱ار		۵؍۱ار	
روغن زرد	۰؍ار			۱ چھٹانک		۳؍ار	
روغن سیاہ	۱؍ار			۱؍ار		۱؍۱ار	
روغن کنجد	۱؍ ۱۱؍ار			۱؍ار		۱؍ار	
نمک سانبھر	۱۳؍ار			۱۰؍ار		۱۰؍ار	
نمک لاہوری	۶؍ار			۰		۸؍ار	
قند سیاہ	۵؍ار ۵؍ار			۵؍۱ار		۵؍ار	
باجرہ	شرح بازار			۱۳؍ار		۰	تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا

نقشہ بارش ہفتہ وار من ابتدائی ۲۷ جولائی لغایتہ ۲ اگست سنہ ۱۹۲۹ء

تاریخ و روز	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ٹمک		تحصیل ٹانڈہ	
	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون
۲۷ جولائی سنہ ۱۹۲۹ء یوم شنبہ	۳	۱۲۴½	½	۹۱½	۴	۹۲½	۱۰	۵۰	۴	۷۷	۵	۱۰۹
۲۸ " یوم یکشنبہ	۹	۱۳۳½	۲½	۹۸	۱۳½	۱۰۶	۳	۵۳	۳	۷۸	۰	۱۰۹
۲۹ " یوم دوشنبہ	۳	۱۳۶½	۰	۹۸	۸	۱۱۳	۰	۵۳	۶	۸۴	۷	۱۱۶
۳۰ " یوم سہ شنبہ	۱½	۱۴۸	۳۰	۱۱۸	۲۲	۱۳۵	۰	۵۴	۲	۸۶	۹	۱۲۵
۳۱ " یوم چہار شنبہ	۴½	۱۴۲½	۹	۰۴	۱۰	۱۴۵	۱۱	۶۴	۰	۸۶	۲۱	۱۴۶
یکم اگست " یوم پنجشنبہ	۵۹	۲۰۱½	۳	۱۴۷	نقشہ نہیں آیا	۰	۰	۶۴	۴	۹۰	۱۰	۱۵۶
۲ " یوم جمعہ	۱۱½	۲۱۴	نقشہ نہیں آیا	۰	۴	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	۹	۹۹	۰	۱۵۶

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور